پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن A-21 کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور

فون نمبر:042-99260265,99260209,99260270,99260272، فیکس نمبر:042-37800255

ای میل:coe.pbte@yahoo.com ویب سائٹ:www.pbte.edu.pk

مراسلہ نمبر:۔پی بی ٹی ای/ٹیکنیکل/2019/3192-3592 مورخہ:۔ 20-06-2019

جناب پرنسپل

تمام گورنمنٹ کالجز آف ٹیکنالوجی ر

تمام گورنمنٹ کالجز آف ٹیکنالوجی برائے خواتین ر

تمام الحاق شدہ گورنمنٹ و پرائیویٹ ادارہ جات۔

عنوان:۔ **DAE/DDM پہلا سالانہ امتحان 2019 (سال سوئم اور سال چہارم) کے پریکٹیکل امتحانات کا انعقاد اور رزلٹ کی ترسیل۔**

تمام ادارہ جات کے پرنسپل صاحبان اور پریکٹیکل امتحان کے لئے نامزد ایکسٹرنل ایگزامینر رانٹرنل ایگزامینر حضرات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ DAE/DDM پہلا سالانہ امتحان 2019 (سال سوئم) کے پریکٹیکل امتحانات مورخہ:10 جولائی، 2019 بروز بدھ اور DAE (سال چہارم) کے پریکٹیکل امتحانات مورخہ:29 جولائی، 2019 بروز پیر سے منعقد ہو رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں آپ کو تاکید کی جاتی ہے کہ درج ذیل طریقہ کار کے مطابق مذکورہ امتحانات کی ایوارڈلسٹیں دفتر بورڈ کو واپس ارسال کریں۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	تفصیل
1	سال سوئم کے پریکٹیکل امتحان کے گروپ 01 تا 04 کی ایوارڈلسٹیں بمعہ طلباء کی حاضری شیٹ ٹیکنالوجی وائز پریکٹیکل ڈیٹ شیٹ کے مطابق امتحان کے اختتام کے بعد چار ایام کے اندر چیف سیکریسی آفیسر کو ارسال کریں۔
2	سال سوئم کے پریکٹیکل امتحان کے گروپ 05 تا 06 کی ایوارڈلسٹیں بمعہ طلباء کی حاضری شیٹ ٹیکنالوجی وائز پریکٹیکل ڈیٹ شیٹ کے مطابق امتحان کے اختتام کے بعد چار ایام کے اندر چیف سیکریسی آفیسر کو ارسال کریں۔
3	سال سوئم کے پریکٹیکل امتحان کے گروپ 07 تا 08 کی ایوارڈلسٹیں بمعہ طلباء کی حاضری شیٹ ٹیکنالوجی وائز پریکٹیکل ڈیٹ شیٹ کے مطابق امتحان کے اختتام کے بعد چار ایام کے اندر چیف سیکریسی آفیسر کو ارسال کریں۔
4	سال سوئم کے پریکٹیکل امتحان کے گروپ 09 تا 12 کی ایوارڈلسٹیں بمعہ طلباء کی حاضری شیٹ ٹیکنالوجی وائز پریکٹیکل ڈیٹ شیٹ کے مطابق امتحان کے اختتام کے بعد چار ایام کے اندر چیف سیکریسی آفیسر کو ارسال کریں۔
5	سال چہارم کے پریکٹیکل امتحان کے گروپ 01 تا 02 کی ایوارڈلسٹیں بمعہ طلباء کی حاضری شیٹ پریکٹیکل ڈیٹ شیٹ کے مطابق امتحان کے اختتام کے بعد چار ایام کے اندر چیف سیکریسی آفیسر کو ارسال کریں۔

Result.pk

پریکٹیکل امتحانات (سال سوئم اور چہارم) کے لئے تمام ایکسٹرنل ایگزامینر حضرات بورڈ کی طرف سے تعینات کئے جائیں گے اور انٹرنل ایگزامینر ادارہ جات کے پرنسپل تعینات کریں گے۔ سال سوئم اور چہارم کے پریکٹیکل امتحانات کیلئے میٹیریل پرنسپل حضرات مہیا کریں گے جن ادارہ جات میں پریکٹیکل امتحانات منعقد ہوں گے نیز پرنسپل حضرات بورڈ کی طرف سے وصول ہونے والا امتحانی میٹریل اور ایوارڈلسٹیں ایکسٹرنل اور انٹرنل ایگزامینر حضرات کو مہیا کریں گے۔ ایکسٹرنل اور انٹرنل ایگزامینر حضرات بورڈ ہذا کی جانب سے جاری کردہ پریکٹیکل ڈیٹ شیٹ کے مطابق پریکٹیکل امتحان منعقد کروائیں گے اور ایوارڈلسٹیں مینول تیار کر کے بمعہ حاضری طلباء پرنسپل ادارہ کو دیں گے۔ پرنسپل حضرات درج بالا شیڈول کے مطابق ایوارڈلسٹیں بمعہ حاضری طلباء **چیف سیکریسی آفیسر، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، ۲۱۔اے کشمیر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور** کے پتہ پر ارسال کریں۔ سال سوئم اور چہارم کے پریکٹیکل امتحانات کے رزلٹ کی آن لائن انٹری نہیں کی جائے گی۔

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:۔

پی ایس ٹو چیئرمین بورڈ ہذا۔ سیکرٹری بورڈ ہذا۔ کنٹرولر امتحانات بورڈ ہذا۔ ڈپٹی کنٹرولر (کنڈکٹ رسیکریسی) بورڈ ہذا۔

تمام متعلقہ برانچ آفیسرز بورڈ ہذا۔ پبلک ریلیشن آفیسر بورڈ ہذا۔ ویب ایڈمنسٹریٹر بورڈ ہذا۔

اسسٹنٹ کنٹرولر سیکریسی، بورڈ ہذا (مراسلہ ہذا کی ایک کاپی ایکسٹرنل ایگزامینر حضرات کے تعیناتی مراسلہ کے ساتھ لف کریں)۔